فکر و نظر.........اسلام آباد
جلد:۶۱ شمارہ: ۴ (اپریل–جون ۲۰۲۴ء)
DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v61i4.3411

مجمع البحوث الاسلامیہ القاہرہ کے علما کا مجوزہ آئین برائے قیام اسلامی ریاست : مقننہ کے اختیارات اور قانون سازی

عبدالغفار ❁

An Islamic State's Constitution Proposed by the Scholars of the Islamic Research Institute of Cairo: A Review of the Legislature's Authority and Legislation

Abdul Ghaffar❁

ABSTRACT: Contemporary international law has compiled four elements for the formation of the state: a specific area, permanent residence, an organized government, ability to establish international relations with other states. By considering these elements, Muslim scholars, researchers, and international Islamic institutes have introduced a structure for the establishment of an Islamic state. Having Islamic ideological bases, the constitution of an Islamic state should be based on Qur'ān and Sunnah. Furthermore, the *'Ulamā* have formatted the constitution accordingly in different eras and areas with joint effort. This paper examines the review conducted by the *ʿUlamā* of the Islamic Research Institute in Cairo regarding the role of legislative authority in shaping laws under the framework of either a recommended or implemented constitution. It explores the scholars' perspectives on the balance between divine guidance (*Sharīʿah*) and human legislation, assessing the extent to which Islamic principles influence constitutional and legal frameworks. The study highlights key debates among the *ʿUlamā* concerning the legitimacy of modern legislative bodies, their authority to enact laws, and the extent to which such legislation aligns with Islamic jurisprudence. By analysing scholarly discourse, this review sheds light on the intersection of Islamic law, constitutional governance, and legislative practice in contemporary Muslim societies. The findings contribute to a deeper understanding of how Islamic legal thought interacts with modern constitutionalism, particularly in the context of Cairo's Islamic Research Institute.
Keywords: *Islamic Research Institute Cairo, Legislation, Islamic State, Shariʿah, ʿUlamā, Review*

❁ اسسٹنٹ پروفیسر / صدر شعبہ علوم اسلامیہ، یونی ورسٹی آف اوکاڑہ، اوکاڑہ۔
❁ Assistant Professor, HOD Islamic Studies, University of Okara. (aghaffar488@yahoo.com)

Summary of the Article

An Islamic state is an ideological state, so the constitution of an Islamic state should be an Islamic constitution that is based on the principles and rules of the Qur'ān and Sunnah. *'Ulamā* (Muslim scholars) have accordingly compiled several constitutions through collective efforts in different periods. Especially in the latter half of the 20th century AD, several national and international institutions were considered to formate Islamic Law, including Islamic Ideological Council in Pakistan, Majlis for *Iftā* and Research in Mecca, *Al-Majma' al-Fiqh al-Islami* in Sudan and USA, the Islamic Jurisprudence Council in Jordan, Islamic Jurisprudence Academy in India, Islamic Jurisprudence Academy in Kuwait, Islamic Jurisprudence Council in Jeddah, etc. Among these collective efforts, the most prominent effort was carried out by the scholars of the Islamic Research Institute, Cairo. The scope of legislation in Islam and its procedure are generally confused, so it is necessary to consider its various aspects according to its requirements. The Proposed Constitution developed by the *'Ulamā* of the Islamic Research Institute in Cairo is a significant framework that outlines the principles for establishing an Islamic State. It aims to integrate Islamic law (*Sharī'ah*) into governance while balancing traditional Islamic principles with the needs of a modern state. The constitution specifically addresses the legislative authority and the process of law formation within an Islamic political system.

1. The proposed constitution is rooted in fundamental Islamic doctrines, emphasizing the supremacy of *Sharī'ah* as the guiding principle for governance. The document affirms that: firstly, Sovereignty belongs to Allah, and the state is responsible for implementing divine laws. Secondly, the Qur'ān and Sunnah serve as the primary sources of legislation. Thirdly, the state must uphold justice, consultation (*Shūrā*), and the welfare of the people while maintaining adherence to Islamic principles.
2. The proposed constitution envisions a legislative system that ensures laws are compliant with Islamic teachings. The structure consists of: Composed of Islamic scholars (*'Ulamā*) who ensure all laws align with the Qur'ān and Sunnah, acts as a constitutional guardian by reviewing legislation before enactment and possesses the power to nullify laws that contradict Islamic principles. Furthermore, the Legislative Assembly (*Majlis al-Shurā*) works as functions as the representative body of the people, includes both religious scholars and elected members from various sectors of society, holds the authority to propose and debate laws, ensuring public representation in governance and must seek approval from the Sharia Council before enacting any new legislation.
3. The constitution outlines a systematic process for enacting laws while ensuring compliance with Islamic jurisprudence. The laws can be proposed by members of the *Majlis al-Shurā* or the executive authority. The proposals must align with Islamic legal principles and the broader objectives of *Sharī'ah* (*Maqaṣid al-Sharī'ah*).

4. The constitution acknowledges the need for flexibility in governance while maintaining adherence to Islamic principles. Some key aspects include:
   - *Ijtihād* (Independent Reasoning): Scholars may reinterpret laws based on contemporary needs while staying within Islamic guidelines.
   - *Maṣlaḥa* (Public Welfare): Laws must serve the best interests of society while remaining faithful to *Sharī'ah*.
   - Customary Laws (*'Urf*): Local customs may be integrated into legislation if they do not contradict Islamic teachings.
5. The judicial system is independent and based on Islamic jurisprudence. The Judges interpret and apply laws based on the Qur'ān, Sunnah, Ijma' (consensus), and *Qiyās* (analogy). The Islamic Supreme Court ensures all laws conform to Islamic principles and adjudicates conflicts between the legislative bodies.

The Proposed Constitution by the *'Ulamā* of the Islamic Research Institute, Cairo, seeks to establish a comprehensive Islamic legislative system where laws are firmly rooted in *Sharī'ah* while ensuring practical governance. It balances religious authority and public representation, integrating Islamic legal traditions with contemporary administrative structures. The legislative process ensures that all laws adhere to Islamic principles, maintaining the state's religious legitimacy and social justice.

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

اسلام کا تصورِ ریاست اس امر کا متقاضی ہے کہ طبقاتِ معاشرہ اور مختلف مذہبی اکائیاں مل کر ایک آئینی ریاست تشکیل دیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ تشکیل ریاست اور تدوین آئین بنیادی اسلامی احکامات و تصورات دین سے ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے حضور اکرم ﷺ کی ریاستِ مدینہ کی تشکیل اور میثاق مدینہ کی صورت میں ایک آئینی دستاویز کی تیاری ایک قوی ترین اور ناقابل تردید دلیل اور حجت ہے۔ اسلامی ریاست ایک نظریاتی ریاست ہوتی ہے، لہٰذا اسلامی ریاست کا آئین ایک اسلامی آئین ہونا چاہیے جو قرآن و سنت کے اصول و ضوابط کی روشنی میں مدون ہو۔ اس مقصد کے لیے علمانے مختلف ادوار میں اجتماعی کوششوں سے کئی آئین مرتب کیے۔ خصوصا بیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں اسی مقصد کے لیے کئی ایک قومی اور عالمی سطح کے اداروں کی بنیاد رکھی گئی جن میں پاکستان میں اسلامی نظریاتی کونسل، یورپ میں مجلس برائے افتا و تحقیق، مکہ میں المجمع الفقہی الاسلامی، سوڈان میں مجمع الفقہ الاسلامی، شمالی امریکہ میں مجمع فقہاء الشریعہ، اردن میں مجمع بحوث الحضارۃ الاسلامیہ، ہندوستان میں اسلامی فقہ اکیڈمی، کویت میں المنظمۃ الاسلامیۃ للعلوم الاجتماعیہ، جدہ میں مجمع الفقہی الاسلامی وغیرہ۔

اسی طرح کا ایک دستور جامعہ ازہر اور مجمع البحوث الاسلامیہ القاہرہ کے علمانے بھی ۱۹۷۷ء کو مرتب کیا

تھا، اور یہ اس سلسلے کی ایک اہم کوشش ہے۔[1]

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر زمانے میں ہمارے فقہا اور مجتہدین مختلف اسلامی معاشروں اور اسلامی حکومتوں کو پیش آنے والے مسائل کا حل قرآن و سنت کی روشنی میں پیش کرتے رہے اور اس طرح اسلامی قانون کی تدوین کا آغاز ہوا اور اجتہاد کے نتیجے میں اسلامی قانون میں آہستہ آہستہ وسعت پیدا ہوتی رہی اور آج فقہ کی شکل میں اسلامی قانون کا ایک وسیع اور گراں قدر ذخیرہ مدون صورت میں ہمارے پاس موجود ہے۔

ان اجتماعی کوششوں میں سے سب سے نمایاں کوشش مجمع البحوث الاسلامیہ قاہرہ کے علمانے سرانجام دی۔

دستور و آئین کی تیاری کا مقصد ۞

مجمع البحوث الاسلامیہ القاہرہ کے علما کی ایک کانفرنس میں اسلامی دستور و آئین کی تیاری کا درج ذیل مقصد بیان کیا گیا۔ مصطفی کمال وصفی لکھتے ہیں:

يوصي المؤتمر أن يقوم الأزهر و مجمع البحوث الإسلامية بصفة خاصة بوضع دستور إسلامي ليكون تحت طلب أية دولة تريد أن تاخذ بالشريعة الإسلامية منهاجا لحياتها. ويؤخذ في الاعتبار عند وضع هذا الدستور أن يتعمد على المبادئ المتفق عليها بين المذاهب الإسلامية كلما أمكن ذلک، وتنفيذا لهذا التوصية قرر مجلس مجمع البحوث الإسلامية بجلستة المنعقدة في ١١ من المحرم ١٣٩٨ھ الموافق ٣١ ديسمبر ١٩٧٧م إسناد وضع هذا المشروع إلى لجنة الأبحاث الدستورية الإسلامية بالمجمع على أن يدعى لهذا الاجتماع الشخصيات التي يمكن أن تسهم في وضع هذا المشروع.[2]

۱۔ محمد اسماعیل شعبان، **الاجتهاد الاجتماعي و دور المجامع الفقهية في تطبيقه** (قاہرہ: مكتبة القاهرة، ۲۰۰۷ء)، ۱۴۰۔

۞ آئین، دستور اور قانون کے لغوی معنوں میں زیادہ فرق نہیں پایا جاتا؛ انھیں ایک دوسرے کے مترادفات کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اصطلاحی طور پر قانون سے مراد وہ امر کلی ہے، جو ان جمیع جزئیات پر منطبق ہوتی ہے کہ جن کا حکم اس سے پہچانا جاتا ہو۔

۲۔ وصفی مصطفی کمال، **مصنفة النظم الإسلامية الدستورية والدولية والإدارية والاقتصادية والاجتماعية**، (قاہرہ: مكتبة وهبة، ۱۳۹۷ھ)، ۶۱۸۔

(کانفرنس یہ بات تجویز کرتی ہے کہ جامعہ ازہر اور خاص طور پر مجمع البحوث الاسلامیہ ایک اسلامی دستور وضع کریں، تاکہ وہ کسی بھی مملکت کے لیے میسر ہو جو شریعت اسلامیہ کو اپنا منہجِ حیات بنانا چاہتی ہو۔ اس دستور کو وضع کرنے کے دوران مذہب اسلامیہ کے متفق علیہ مبادیات پر ممکن حد تک اعتماد کیا جائے گا۔ اس قرارداد کی تنفیذ کے لیے مجمع البحوث الاسلامیہ کی مجلس منعقدہ بتاریخ ١١ محرم ١٣٩٨ھ میں مجمع نے یہ پروگرام اپنی اسلامی دستور کی ذیلی کمیٹی کے سپرد کر دیا تھا تاکہ وہ ان معروف شخصیات کو بلا سکیں اور جو اس پروگرام میں حصہ ڈال سکیں۔)

آئین کی تیاری میں شریک علما

بناء على ذلک قام فضيلة الإمام الأكبر الدكتور عبدالحليم محمود شيخ الأزهر و رئيس المجمع بتكوين لجنة عليا ضمت بجانب السعادة أعضاء لجنة الأبحاث الدستورية بالمجمع نخبة من كبار الشخصيات المشتغلين بالفقه الإسلامي والقانون الدستوري لتتولى هذه المهمة.[٣]

(اس بنیاد پر ڈاکٹر عبدالحلیم محمود، شیخ الازہر اور رئیس المجمع نے ایک اعلیٰ کمیٹی تشکیل دی جس میں مجلس کے دستوری تحقیقات کمیٹی کے ارکان کے ساتھ ساتھ اسلامی فقہ اور دستوری قانون کے ممتاز ماہرین بھی شامل تھے، تاکہ یہ کمیٹی اس اہم کام کو سرانجام دے سکے۔)

اس مقصد کے لیے جو کمیٹی تشکیل دی گئی اس کے اراکین درج ذیل علما تھے:

ڈاکٹر عبدالحلیم محمود	صدر	ڈاکٹر الحسینی ہاشم	رکن
استاذ سید عبدالعزیز ہندی	رکن	شیخ حسنین محمد خلوف	رکن
ڈاکٹر عبدالجلیل شلبی	رکن	شیخ عبدالجلیل عیسی	رکن
استاذ عبدالحلیم جندی	رکن	استاذ عبدالفتاح نصار	رکن
استاذ عبدالمنعم عمارہ	رکن	استاذ علی علی منصور	رکن
ڈاکٹر محمد حسن فاید	رکن	شیخ محمد خاطر محمد الشیخ	رکن
استاذ محمد عطیہ خمیس	رکن	ڈاکٹر محمود شوکت عدوی	رکن
استاذ مصطفی عفیفی	رکن	استاذ حسن نور الدین	رکن
استاذ یاقوت علی عشاوی	رکن[٤]		

٣۔ نفس مرجع، ٦١٨۔

٤۔ وصفی کمال، مرجعِ سابق، ٦١٨۔

دستور و آئین کے موضوعات و مشمولات

جامعہ ازہر مجمع البحوث الاسلامیہ اور عالم اسلام کے کئی ایک دوسرے علما وفقہا کی اجتماعی کاوشوں سے جو آئین و دستور مرتب کیا گیا، وہ ۹ ابواب پر مشتمل ہے، جس میں ۸/ ابواب بنیادی حیثیت کے حامل ہیں جب کہ آخری باب میں کچھ متفرق باتوں کی وضاحت ہے۔ پہلا باب امت مسلمہ، دوسرا اسلامی معاشرے کی بنیادوں تیسرا اسلامی معیشت، چوتھا انفرادی حقوق و آزادی، پانچواں امامت، چھٹا عدلیہ، ساتواں مقننہ اور آٹھواں حکومت کے بارے میں ہے۔ ابواب کے موضوعات سے محسوس ہوتا ہے کہ اس دستور میں اسلامی ریاست کے تمام پہلوؤں اور ستونوں کے بارے میں رہ نمائی موجود ہے۔ یہاں مختصراً ان ابواب کا ایک جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

پہلا باب: امت اسلامیہ

اس باب میں چار آرٹیکل بیان کے گئے ہیں جو درج ذیل ہیں:

۱۔ مسلمان ایک امت ہیں۔

۲۔ امت مسلمہ میں ایک سے زائد ممالک اور ان میں متنوع حکومتوں کا وجود جائز ہے۔

۳۔ کسی بھی اسلامی مملکت کے لیے یہ جائز ہو گا کہ وہ ایک یا ایک سے زائد ریاستوں کے ساتھ کسی متفق علیہ صورت میں اتحاد قائم کرے۔

۴۔ قوم، امام وقت، اس کے اعوان و انصار اور بقیہ تمام حکام کی نگران ہو گی اور ان کا محاسبہ شرعی احکام کے مطابق ہو گا۔[۵]

دوسرا باب: اسلامی معاشرے کی بنیادیں

اس باب میں ۳۱/ آرٹیکل ہیں۔ پہلے پانچ آرٹیکل باہمی تعاون امر بالمعروف و نہی عن المنکر، خاندان اور ریاست کی طرف سے بنیادی طبی سہولیات کی فراہی کے بارے میں ہیں۔ دستور میں ہے:

باہمی تعاون اور کفالت اسلامی معاشرے کی بنیاد ہے۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر فرض ہے اور جو اس پر قدرت کے باوجود اس میں کوتاہی کرتا ہے تو گناہ گار ہے۔ خاندان، معاشرے کی بنیادی اکائی ہے۔ دین اور اخلاق حسنہ اس کا تناہیں۔ اسلامی مملکت خاندان کی تقویت، قوم کی حفاظت بچپن کی نگہداشت اور اس کے لیے مطلوبہ وسائل مہیا کرنے کی ذمے دار ہو گی۔ خاندان کی نگہداشت، ریاست کے بنیادی فرائض میں شامل ہے اور ریاست شادی پر ابھارنے، اس کے مادی

۵۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۶۸۳– ۶۸۴۔

اسباب مثلاً رہائش، ممکنہ امداد کی فراہمی اور ازدواجی زندگی کو عزت بخشنے کے اقدامات کے ذریعے اس فریضے کو پورا کرے گی۔ ریاست اس لیے بھی وسائل مہیا کرے گی کہ ایک عورت کے لیے حق زوجیت کی ادائی، اپنی اولاد کی خدمت اور اپنے تمام فرائض میں خاندان کو ترجیح دینے میں آسانیاں پیدا ہوں۔ امت کی سلامتی اور افرد کی صحت کی ذمے داری اسلامی ریاست پر عائد ہوتی ہے لہذا مملکت اپنے شہریوں کو بیماریوں سے بچاؤ اور علاج کی مفت طبی سہولیات فراہم کرنے کی ذمے دار ہو گی۔[٦]

تعلیم، عورتوں کے دائرۂ کار، زبان اور ولایت کے بارے میں بھی کئی ایک رہ نما اصول وضع کیے گئے ہیں۔ مصطفی کمال وصفی ان کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

طلب علم ایک دینی فریضہ ہے اور قانون کے موافق علم دینا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ تعلیم کے تمام مراحل میں دینی تربیت بنیادی منہج ہے۔ مملکت اسلامیہ مسلمانوں کو فرائض، سیرت نبویہ اور سیرت خلفاے راشدین سے متعلقہ مجمع علیہ مسائل کی مناسب تعلیم کا التزام کرے گی جو مختلف تعلیمی درجات کی سطح کے مطابق ہو گا۔ مملکت مضامین کے اعتبار سے تعلیم کے مختلف درجات میں قرآن کریم میں سے جو بھی میسر ہو، اس کے حفظ کروانے کا التزام کرے گی۔ اسی طرح طلبہ کے علاوہ افراد کے لیے بھی حفظ قرآن کے مخصوص اداروں کا قیام، مصحف شریف کی طباعت اور اس کی آسان فراہمی کو یقینی بنانا بھی مملکت کے فرائض میں شامل ہے۔ عورتوں کا بناؤ سنگھار کر کے گھر سے باہر نکلنا ممنوع ہے اور اس پر تعاون ایک شرعی ذمے داری ہے۔ مملکت عمومی شعور کو لچر پن سے محفوظ رکھنے کے لیے شرعی احکام کے موافق قوانین اور قراردادیں پاس کرے گی۔ سرکاری خط وکتابت میں سرکاری زبان وعربی اور ہجری تاریخ کا ذکر لازم ہو گا۔ ولایت عامہ اور خاص طور پر دین، عقل، نفس، مال اور عزت کی نگہداشت رعایا کی مصالح کے ساتھ معلق ہے۔ صرف اتنا کافی نہیں ہے کہ مقاصد شرعی ہوں، بلکہ تمام حالات میں ان مقاصد کے حصول کے لیے استعمال کیے جانے والے وسائل کا بھی شرعی احکام کے مطابق ہونا لازم وواجب ہے۔[٧]

تیسرا باب: اسلامی معیشت

اس باب میں ۱۰ دفعات کا بیان ہے۔ اسلامی معیشت کے ذیل میں درج ذیل رہ نما اصول بیان کیے گئے ہیں۔

معیشت کی بنیاد شریعت اسلامیہ کے ان مبادی پر قائم ہو گی جو انسانی اکرام اور عدل اجتماعی کے ضامن ہوں، فکری وعملی بھاگ دوڑ کو زندگی کا حصہ قرار دیتے ہیں اور کسب حلال کی نگہداشت کرتے ہیں۔ تجارت، صنعت اور زراعت کی آزادی شریعت اسلامیہ کی حدود میں ہو گی۔ مملکت اسلامیہ اقتصادی ترقی کے لیے شریعت اسلامیہ کے موافق لائحۂ عمل وضع

٦۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ٦٨٥۔ ٦٨٧۔

٧۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ٦٨٧۔٦٨٨۔

کرے گی۔ مملکت ذخیرہ اندوزی میں رکاوٹ بنے گی اور قیمتوں کے اتار چڑھاؤ میں بغیر ضرورت کے مداخلت نہیں کرے گی۔ مملکت صحرا کی آباد کاری اور زرعی زمین کے رقبے میں توسیع کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ لین دین میں سود بالکل جائز نہیں ہے اور اسی طرح کسی بھی قسم کے سودی معاملات کو جاری رکھنا ناجائز ہو گا۔ زمین کی تہ میں قدرتی نعمتوں میں سے جو بھی معدنیات اور خام مال وغیرہ ہو گا، وہ مملکت کی ملکیت ہو گا۔ جس مال کا کوئی مالک نہ ہو گا وہ مملکت کے بیت المال کی ملکیت متصور ہو گا۔ قانون افراد کے لیے ملکیت اموال کا طریقۂ کار بھی منظم کرے گا۔ مملکت کو جو زکاۃ ملے گی وہ اسے اس کے مصارف شرعیہ میں صرف کرئے گی۔ منافع کا وقف جائز ہو گا اور تمام گوشوں میں اس کو منظم کرنے کے لیے قانون جاری کیا جائے گا۔[۸]

چوتھا باب، انفرادی حقوق و آزادی

اس باب میں کل ۱۶/ آرٹیکل ہیں۔ شریعت کے دائرے میں آزادیِ فکر و عمل جماعت سازی کے حقوق اور نقل و حرکت جیسے اختیارات کے بارے میں دستور میں درج ذیل الفاظ میں رہ نمائی موجود ہے:

عدل و مساوات، فیصلوں کی بنیاد ہوں گے۔ شہری دفاع اور قرضے کے مطالبے جیسے حقوق کی ضمانت دی جائے گی۔ ان حقوق کو چھیڑنا جائز نہ ہو گا۔ قتل میں حدود کے جرائم میں ہر ایک متہم کی طرف سے وکیل کھڑا کیا جائے گا۔ دینی و فکری نظریات، آزادیِ عمل، زبانی یا تحریری کسی نئی رائے کا اظہار، انجمنوں اور یونینوں کا قیام، ان میں شمولیت، شخصی آزادی، آزادیِ نقل و حرکت، آزادیِ اجتماع وغیرہ بنیادی انسانی حقوق اور فطری آزادیاں ہیں جن کی اسلامی حدود کے اندر مملکت اسلامیہ ذمے دار ہو گی۔ گھروں، خط و کتابت، شخصی معاملات کو تقدس حاصل ہو گا اور کسی کو بھی ان کی جاسوسی کی اجازت نہ ہو گی۔ اس حرمت پر اثر انداز ہونے والے (حکومتی افعال کے لیے) قانون حدود مقرر کرے گا جن کی روشنی میں مملکت خیانت اور ہنگامی نوعیت کے خطرات جیسے جرائم میں (اس دائرے میں بھی) اقدام کر سکتی ہے، لیکن یہ اقدام عدالت کی اجازت سے ہو گا۔ ملک کے اندر اور باہر نقل و حرکت کا حق ہر کسی کو حاصل ہے اور کسی کو بھی عدالتی حکم کے بغیر ملک سے باہر سفر کرنے سے نہ روکا جائے گا اور قاضی اس حکم کے اسباب بھی واضح کرے گا۔ کسی بھی شہری کو ملک بدر کرنا یا کسی ایک جگہ رہائش اختیار کرنے پر پابندی کرنا جائز نہ ہو گا۔ سیاسی پناہ گزینوں کو کسی کے حوالے کرنا ممنوع ہے اور اسی طرح عادی مجرموں کی سپردگی و حوالگی متعین ممالک کے باہمی اتفاقی معاہدات کے نتیجے میں ہو گی۔[۹]

کسی سرکاری ملازم کے جرم میں ملوث ہونے یا تعاون کرنے یا سکوت اختیار کرنے اور دیت کی ادائی کے بارے میں درج ذیل اصول بیان کیے گئے ہیں:

لوگوں کو اذیت پہنچانا ایک جرم ہے اور کوئی بھی جرم یا اس کی سزا اس کے مرتکبین سے ساری زندگی ساقط نہیں ہوتی۔

۸۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۶۸۷– ۶۸۸۔

۹۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۶۹۳– ۶۹۵۔

مجرم یا اس کا شریک کار جرم کی مسؤولیت کے ضمن میں (اخراجات کا) التزام اپنے مال میں سے کرے گا۔ اگر کوئی جرم کسی سرکاری ملازم کی مدد یا موافقت یا سکوت کی بنا پر ہو گا تو وہ بھی اس جرم میں سزا کے اعتبار سے شریک سمجھا جائے گا اور دیوانی اعتبار سے مسؤل ہو گا اس حکومت سے اس کے بارے میں ضمانت طلب کی جائے گی۔ وہ سرکاری ملازم قابل سزا ہو گا جس کے دائرہ عمل میں کسی کو اذیت پہنچائی جائے اور اس کے علم میں بھی ہو اور وہ اپنے نظم بالا کو اس بارے میں مطلع نہ کرے۔ اسلام میں کوئی بھی خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ مملکت ان مقتولین اور معذورین کے مستحق رشتہ داروں کو دیت ادا کرے گی جن کو قتل یا معذور کرنے والوں کا علم نہ ہو یا اسکے بارے میں علم تو ہو لیکن اس کے پاس اتنا مال نہ ہو کہ وہ دیت ادا کر سکے۔ (۱۰)

دعوی دائر کرنے کے حق، حقوق ملکیت اور آزادی صحافت جیسے حقوق کو بھی بنیادی حقوق کا درجہ دیا گیا ہے۔ مصطفی کمال وصفیؒ ان حقوق کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ہر انسان کے پاس اپنے یا کسی اور کے خلاف ہونے والے جرم یا قومی اثاثہ جات میں غبن یا دھمکی دینے کے خلاف رپورٹ درج کروانے کا حق ہے۔ کام، کمائی اور ملکیت کے حقوق کی ضمانت دی جائے گی اور ان کو احکام شریعت کے علاوہ نہیں چھیڑا جائے گا۔ عورت شرعی حدود کے اندر رہتے ہوئے کام کر سکتی ہے۔ مملکت، حقوق ملکیت، ان کی حرمت اور آزادی ملک کی ذمہ دار ہو گی۔ کسی بھی قسم کی اشیاء میں عمومی ضبطی مال و جائداد کی اجازت نہ ہو گی، جہاں تک خاص قسم کے ضبط مال و جائیداد کا تعلق ہیں تو عدالت کے حکم سے اس کی اجازت ہو گی۔ کسی بھی شخص کی ملکیت اس سے زبردستی حاصل نہیں کی جائے گی سوائے ان چیزوں کے کہ جن میں مفاد عامہ ہو اور اس میں اس شخص کو اس کی خاطر منظم قانون کے موافق مکمل قیمت ادا کی جائے۔ اخبارات کا اجراء ایک جائز کام ہے اور صحافت کو آزادی حاصل ہو گی لیکن یہ آزادی شرعی حدود کے اندر ہو گی۔ شہریوں کو قانون میں بیان شدہ طریقہ کار کے مطابق انجمن اور یونین بنانے کا حق حاصل ہو گا۔ ہاں ایسی جماعتوں کے قیام روکا جائے گا جن کی سرگرمیاں اسلامی معاشرے کے نظام کے خلاف ہوں یا خفیہ عسکری نوعیت کی ہوں یا کسی بھی پہلو کے خلاف شریعت افعال کی مرتکب ہوں۔ حقوق کی ادائیگی مقاصد شریعت کی روشنی میں ہو گی۔ (۱۱)

پانچواں باب: امامت

اس باب میں ۱۷ اصول بیان ہوئے ہیں۔ امام کی اطاعت، امامت کے طریقۂ انعقاد یعنی بیعت، امامت کی شروط اور امام کے حقوق پر درج ذیل الفاظ میں رہ نمائی کی گئی ہے:

مملکت کا ایک امام (صدر) ہو گا جس کی اطاعت واجب ہو گی، چاہے رائے اس کے مخالف ہی کیوں نہ ہو۔ اللہ کی معصیت میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے۔ اسی طرح ان مسائل میں امام کی اطاعت کرنا جائز نہیں ہے جو قطعی طور پر

۱۰۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۲۹۵۔

۱۱۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۲۹۵–۲۹۶۔

شریعت اسلامیہ کے خلاف ہوں۔ امام کے انتخاب کے لیے مملکت کا قانون بیعت عامہ کا طریقہ کار وضع کرے گا اور بیعت عامہ عدالت کی زیر سرپرستی منعقد ہو گی۔ بیعت میں حصہ لینے والے افراد کی مطلوبہ اکثریت کے بیعت کرنے سے بیعت منعقد ہو جائے گی۔ مملکت کی سربراہی میں امیدوار کے لیے اسلام، مرد ہونا، بلوغت، عقل، خیر خواہی اور احکام شرعیہ کا علم ہونا بنیادی شرائط ہیں۔ امت کے سارے طبقات کی عمومی بیعت سے امام کا انتخاب ہو گا جو قانون کے مطابق ہو گی۔ عورت کے لیے بھی یہ جائز ہے کہ وہ انتخاب میں شریک ہونے کا مطالبہ کرے جب کہ اس میں شروط پوری ہو جائیں اور وہ انتخاب پر قدرت بھی رکھتی ہو۔ امام کی بیعت کی تکمیل سے پہلے اس کی بیعت کے خلاف اپنی رائے کا اظہار کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ بیعت کا حق رکھنے والوں کے پاس امام کو معزول کرنے کا اختیار بھی ہو گا جب کہ امام کے معزول ہونے کے اسباب پائے جائیں اور اس حق کا استعمال قانون میں بیان شدہ طریقے سے کے مطابق ہو گا۔ امام وقت عدلیہ کے سامنے جواب دہ ہو گا اس کی طرف سے کوئی وکیل عدالت میں حاضر ہو گا۔ صدر مملکت (امام) ان تمام حقوق سے فائدہ اٹھائے گا جو شہریوں کو میسر ہوں گے اور ہر اس چیز کا التزام کرے گا جس کے التزام کے شہری پابند ہوں گے۔ امام کے حق میں جو مالی احکام جاری ہوں گے، قانون ان کو مقرر کرے گا۔ (۱۲)

امام اور مملکت کے مابین مالی معاملات اور امام کی عمومی و خصوصی ذمے داریوں کے بارے میں بھی دستور میں رہ نمائی موجود ہے۔ استاذ مصطفی کمال وصفی لکھتے ہیں:

امام کے لیے وصیت یا وقف کرنا جائز نہ ہو گا۔ اسی طرح اس کے رشتے داروں، یہاں تک کہ چوتھے درجے تک کے لیے بھی وصیت یا وقف کرنا جائز نہ ہو گا، سوائے اس کے کہ اس شخص کی طرف سے کوئی وصیت ہو جس کا امام وارث بن رہا ہو۔ اسی طرح امام کے لیے مملکت کی املاک میں کوئی شے خریدنا یا بیچنا یا اسے کرائے پر حاصل کرنا یا کرائے پر دینا جائز نہ ہو گا۔ امام کو تحفے تحائف دینا خیانت ہے اور جو بھی تحائف وصول ہوں گے وہ بیت المال میں داخل کر دیے جائیں گے۔ امام عدل واحسان اور عمل صالح میں رعایا کے لیے ایک اسوہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ امام (صدر) دوسرے مسلمان ممالک کے ائمہ (صدور) کے ساتھ ہر اس مجلس میں شریک ہو گا جو امتِ مسلمہ کے لیے اہمیت رکھتی ہو۔ اسی طرح امام حج کے لیے ہر سال ایک وفد بھیجے گا۔ اس وفد کے ذریعے وہ مسلمان ممالک کے سربراہوں کی سرکاری اور غیر سرکاری کانفرنسوں میں شرکت کرے گا۔ امام جہاد کے لیے اپنے لشکروں کی قیادت، سرحدوں اور وطن کی حفاظت، حدود کی اقامت اور طے شدہ معاہدات کی پابندی کروانے کے بارے میں مسؤول ہے۔ امام مختلف افراد اور جماعتوں کو امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور ادائیگیِ فرائض پر قادر بنانے کے بارے میں مسؤول ہے۔ (۱۳)

امام، مملکت کے ملازمین کا تقرر کرے گا علاوہ ازیں ملک میں ایمرجنسی کے حالات میں امام خصوصی

۱۲۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۶۹۸۔ ۶۹۹۔

۱۳۔ وصفی کمال، مرجع سابق،، ۶۹۹۔ ۷۰۰۔

اختیارات کا مالک ہو گا۔ دستور کے الفاظ ہیں:

امام مملکت کے ملازمین کا تعین کرے گا۔ یہ بھی درست ہے کہ قانون اعلیٰ سطح کی ملازمتوں کے علاوہ ملازمین کی ذمے داری امام کے علاوہ کسی اور کو سونپ دے۔ حدود کے علاوہ جرائم کی معافی قانون کے مطابق ہو گی۔ امام کو اس بات کی اجازت ہو گی کہ وہ سوائے حدود کے اور کوئی بڑی خیانت کے خاص حالات میں جرائم کو معاف کر دینے کی اہلیت رکھتا ہے۔ ضرورت کے وقت جب کہ بے چینی کے حالات ہوں یا ایسے حالات ہوں کہ جن سے بے چینی و اضطراب پیدا ہونے کا اندیشہ ہو یا مملکت کے وجود کو کوئی خطرہ لاحق ہو یا خانہ جنگی ہو یا کسی دوسری مملکت کے ساتھ جنگ شروع جائے تو امام استثنائی تدابیر اختیار کر سکتا ہے، جن کی وضاحت قانون کرے گا۔ امام ان تدابیر کو اختیار کرنے کے ایک ہفتے کے اندر اندر انھیں مقننہ کے سامنے پیش کرے گا اور اگر مقننہ کا انتخاب ابھی تک نہ ہوا ہو تو سابقہ مقننہ کو بلوائے گا۔ اگر ان تدابیر میں اس طریقۂ کار کو ملحوظ نہ رکھا گیا تو یہ باطل قرار پائیں گی۔ قانون ان استثنائی تدابیر، ان پر مرتب ہونے والے آثار، ان کو اختیار کرنے کی صورت میں متعلقہ مخصوص پہلوؤں اور ان تدابیر کی عدم اقامت کی صورت میں ان پر مرتب ہونے والے آثار کو برابر کرنے کی کیفیت وغیرہ کو منظم کرنے کے لیے قواعد وضوابط متعین کرے گا۔ [۱۴]

چھٹا باب: عدلیہ

اس باب میں عدل وانصاف کی فراہمی، عدلیہ کی آزادی، عدالتی کارروائی، حدود وتعزیرات، حلف برداری، قصاص اور عدلیہ کے اختیارات وغیرہ کے بارے میں رہ نما اصول بیان ہوئے ہیں۔ اس باب کے کل ۱۲ آرٹیکل ہیں؛ دستور کے الفاظ ہیں:

قاضی اور جج حضرات شریعتِ اسلامیہ کے موقف عدل اور انصاف سے فیصلہ فرمائیں گے۔ تمام لوگ عدالت کے سامنے برابر ہیں۔ کسی فردِ واحد یا گروہ کے لیے علاحدہ سے کسی خاص عدالتی نظام کا قیام جائز نہیں ہے۔ خاص عدالتوں کا قیام یا کسی صاحب مقدمہ کو عدالتی فیصلے کے فطری حق سے محروم کر دینا جائز نہ ہو گا۔ ججوں کو امام یا احکام کے خلاف دعویٰ کی سماعت سے روکنا جائز نہ ہو گا۔ عدالتی فیصلے اللہ کے نام سے جاری ونافذ ہونگے۔ قاضی اپنے فیصلے میں شریعت اسلامیہ کے سوا کسی کے سامنے کسی لچک کا مظاہرہ نہیں کرے گا۔ فیصلوں کی تنفیذ مملکت کی ذمے داری ہے اور اگر ان کی تنفیذ میں کوئی رکاوٹ یا تاخیر ہوتی ہے تو یہ قابل سزا جرم ہے۔ مملکت، عدلیہ کی آزادی اور اس کی حریت وآزادی پر آنچ نہ آنے کی ذمے دار ہو گی۔ مملکت عدلیہ کے لیے مردوں میں سے قابل ترین افراد کا انتخاب کرے گا اور ان کے کام کے لیے اپنے سوا کی فراہمی کو آسان بنائے گی۔ حدود کے جرائم میں یہ شرط ہو گی کہ تہمت لگایا گیا شخص بذات خود عدالت میں حاضر ہو گا یا اس کے ساتھ اس کا وکیل حاضر ہو اگر وہ وکیل نہ کر سکے تو حکومتی وکیل اس کے ساتھ حاضر ہو۔ مقدمات کا فیصلہ علانیہ ہو گا اور عدالتی کارروائی کو سوائے کسی شرعی ضرورت کے پوشیدہ رکھنا جائز نہ ہو گا۔ شرعی حدود کی سزائیں زنا، قذف، چوری،

۱۴۔ وصفی کمال، مرجعِ سابق، ۲۰۰۔

دہشت گردی، شراب نوشی اور ارتداد میں جاری ہوں گے۔ حدود کے جرائم کے علاوہ جن جرائم میں قاضی تعزیرات جاری کرے گا، قانون ان کا تعین کرے گا۔" (۱۵)

قسامت، پھانسی، قصاص اور دیت وغیرہ کے بارے میں ان الفاظ میں رہ نمائی موجود ہے:

قانون قسم کھا کر اپنا حصہ ثابت کرنے کے احکام کے طریقہ کار کو واضح کرے گا اور دیوانی مقدمات کے ہر جانے کا دیت کی مقدار سے زیادہ ہونا جائز نہ ہو گا۔ قانون توبہ کی قبولیت کی شرائط اور احکام کی وضاحت کرے گا۔ کسی جرم میں اس وقت تک پھانسی کی سزا جاری نہیں کی جائے گی جب تک کہ صلح یا مقتول کے اولیا کا درگزر ناممکن نہ ہو جائے۔ قصاص میں دیت سے زائد پر بھی مصالحت جائز ہے۔ مرد و عورت کی دیت کا یکساں ہونا جائز ہے۔ زخموں میں قصاص کی شروط میں اسی جیسا اتناہی زخم لگانا اور وقاضی کے ہاں اس بات کا کامل یقین ہونا ہے کہ اس سے زائد زخم نہیں لگے گا۔ تعزیرات میں کوڑے لگانا بنیادی سزا ہے اور جیل بھیجنا ایک ممنوع سزا ہے سوائے معدود جرائم میں، اس معدود مدت کے لیے کہ جس کو قاضی واضح کرے گا۔ قیدی کو ذلیل کرنا یا اس کا خون بہانا یا اس کی عزت نفس کو مجروح کرنا جائز نہیں ہے۔ عالی دستوری عدالت، احکام شرعیہ اور اس احکام دستور کے لیے قوانین وضوابط کی انتہائی درجے میں تطبیق کے بارے میں فیصلہ کن حیثیت کی مالک ہو گی۔ قانون اس عدالت کے دوسرے اختیارات بھی نقل کرے گا۔ مظالم کے خاتمے کے لیے ایک کچہری بنائی جائے گی جس کے ڈھانچے، اختیارات اور اس کے اراکین کی تنخواہوں کا تعین قانون کرے گا۔ (۱۶)

ساتواں باب: مقننہ اور اس کے اختیارات کی وضاحت

یہ باب ۴۶؍ دفعات پر مشتمل ہے۔ ابتدا میں مقننہ کے انتخاب، رکنیت اور اس کے استعفی دینے کے طریق کار کی وضاحت کی گئی ہے۔ دستور کے الفاظ ہیں:

مقننہ قوانین جاری کرنے کی ذمے دار ہو گی اور مملکت کے لیے عمومی ریاست کے اصول، اقتصادی و اجتماعی ترقی کے لیے لائحۂ عمل اور عمومی بجٹ کا تعین کرے گی۔ اسی طرح مملکت دستور میں بیان شدہ طریقۂ کار اور شریعت اسلامیہ کے موافق تنفیذی قوتوں کے اعمال و افعال کی بھی نگرانی کرے گی۔ قانون ان انتخابی حلقوں کی نشان دہی کرے گا جن میں مملکت تقسیم ہو گی۔ علاوہ ازیں مقننہ کے اراکین کی تعداد۔۔۔سے کم نہ ہو گی۔ امام کو اس بات کا اختیار حاصل ہو گا کہ وہ مقننہ کے ۵/۱، اراکین کا براہ راست انتخاب کر سکے۔ قانون، مقننہ کے اراکین کی لازمی شرائط مقرر کرے گا اور عدلیہ کی زیر سرپرستی مکمل ہونے والے انتخاب کے فیصلوں کی وضاحت کرے گا۔ حکومت کے ملازمین کے لیے یہ جائز نہ ہو گا کہ

۱۵۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۱۰۷۔ ۲۰۲۔

۱۶۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۱۰۷۔ ۲۰۲۔

٭٭ مقننہ مفعول اسم ظرف مکان ہے قانون سے جس کے معنی ہیں وہ جگہ جہاں قانون سازی کی جائے۔ جدید اصطلاح میں اسے پارلیمنٹ اور اصطلاح میں سے مجلس شوری کہتے ہیں۔

وہ استعفی دیے بغیر مقننہ کی رکنیت کے لیے پیش ہوں۔ رکن مقننہ اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے مقننہ کے سامنے اس حلف کا اقرار کرے گا: میں اللہ کی قسم اٹھاتا ہوں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کروں گا اور مخلصانہ طور پر دستوری نظام کے مطابق اپنے وطن اور اس کی مٹی کی سلامتی کی حفاظت کروں گا۔ قانون و دستور کا احترام کروں گا۔ احکام شرعیہ کو بلند کروں گا اور یہ سب کچھ سچائی، شرافت اور ایمان سے کروں گا۔"(۱۷)

مقننہ کے اراکین کی تنخواہ، مقننہ کی مدت اور سابقہ رکن کی نشست خالی ہونے کی صورت میں نئے رکن کے انتخاب و تعیین کے طریق کار پر ان الفاظ میں روشنی ڈالی گی ہے:

مقننہ کے اراکین تنخواہ کا مطالبہ کر سکتے ہیں اور اس تنخواہ کا تعین قانون کے مطابق ہو گا۔ مقننہ کی مدت اس کے پہلے اجتماع کی تاریخ سے پانچ ہجری سال ہو گی۔ نئی مقننہ کی تعیین کے لیے سابقہ مقننہ کی انتہاے مدت سے ساٹھ دن پہلے انتخابات منعقد ہوں گے۔ کسی رکن مقننہ کی خرابیِ صحت کے بارے میں مقننہ فیصلہ کرے گی اور اعلی عدالت متعلقہ رکن کی حوالے سے مقننہ کے سامنے پیش کی گئی صحت رپورٹ کے بارے میں تحقیق کرے گی جب کہ وہ رپورٹ اعلی عدالت کے سامنے پیش کی جائے گی۔ عدالت اپنی تحقیقی رپورٹ اور رائے مقننہ کے سامنے پیش کرے گی۔ تاکہ مقننہ اس تحقیق کے سامنے آئندہ ساٹھ دنوں کے اندر اندر متعلقہ رکن کی صحت کے بارے میں کوئی فیصلہ کر سکے۔ اس صورت حال میں بھی کسی کی رکنیت اس وقت تک منسوخ نہ ہو گی جب تک کہ وہ تہائی اراکین اس کے معطل کرنے پر متفق نہ ہوں۔ اگر منتخب یا متعین اراکین میں کسی رکن کی سیٹ اس کی انتہاے مدت سے پہلے خالی ہو گی تو مقننہ کو اس سیٹ کے خالی ہونے کی اطلاع پہنچنے کے ساٹھ دن کے اندر اندر اس کے جانشین کا انتخاب یا تعیین ہو گی۔ نئے رکن کی مدت رکنیت وہی ہو گی جو کہ سابقہ رکن کی تھی۔ (۱۸)

مقننہ کے رکن کی رکنیت کی معطلی، استعفی اور اس کے مالی معاملات کے بارے میں دستور میں درج ذیل رہ نمائی موجود ہے۔ مصطفی کمال وصفی لکھتے ہیں:

مقننہ کے کسی رکن کے لیے اپنی رکنیت کے دوران میں یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مملکت کے اموال میں سے کوئی چیز خریدے یا اجرت پر حاصل کرے یا اجرت پر دے یا اسے بیچے یا اس پر کسی سے صلح کرے یا مملکت کے ساتھ اجارہ دار پر آمد کنندہ (ایکسپورٹر) یا ٹھیکے دار کی حیثیت سے کوئی معاہدہ کرے۔ مقننہ کے کسی رکن کی رکنیت کا صرف اسی صورت میں اسقاط جائز ہے جب کہ کسی رکن کی ثقاہت اور اعتبار متاثر ہو اور رکنیت کی شرائط میں سے کوئی شرط مفقود ہو جائے یا وہ رکنیت کے فرائض میں کوتاہی کرے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ کسی رکن کی رکنیت مقننہ کے دو تہائی اراکین کی غالب اکثریت سے معطل ہو۔ مقننہ ہی کسی رکن کا استعفی قبول کر سکتی ہے۔ مقننہ کے اراکین سے ان افکار و آرا کے بارے میں کوئی مواخذہ نہ ہو گا جنھیں وہ مقننہ یا مختلف ذیلی کمیٹیوں میں مختلف اعمال و فرائض کی ادائی کے دوران میں ظاہر کرتے ہیں جب تک کہ وہ

۱۷۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۲۰۲-۲۰۴۔

۱۸۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۲۰۴- ۲۰۵۔

شرعی احکام کی حدود میں ہوں۔ کسی جرم میں ملوث ہوئے بغیر کسی بھی رکن مقننہ کے خلاف کسی قسم کی قانونی کارروائی مقننہ کی اجازت کے بغیر جائز نہیں ہے۔ [۱۹]

مقننہ کے اجلاس کے مقام تعداد اور وقت کے تعین کے بارے میں دستور میں درج ذیل اصولی رہ نمائی موجود ہے:

شہر۔۔۔ مقننہ کا مستقر ہو گا اور استثنائی صورت حال میں اس کے اجلاسات دوسرے شہروں میں بھی منعقد کیے جاسکتے ہیں جب کہ امام یا اکثر اراکین کی طرف سے کوئی ایسا مطالبہ سامنے آئے۔ مقننہ کا اجلاس اس کی متعین جگہ کے علاوہ جائز نہ ہو گا اور ایسے اجلاس میں صادر ہونے والی قرار دادیں بھی باطل تصور ہوں گی۔ امام فلاں دن اور فلاں مہینے سے پہلے پہلے مقننہ کا سالانہ معمول کا اجلاس بلوائے گا۔ پس اگر امام یہ اجلاس نہ بلوائے تو مقننہ متعلقہ دن میں دستور کے موافق اجلاس کے لیے جمع ہو گی اور عمومی اجلاس کم از کم سات مہینوں میں ایک بار منعقد ہو گا۔ امام مقننہ کے عمومی اجلاس کے خاتمے کا اعلان کرے گا اور مقننہ کے اجلاس کا خاتمہ مملکت کے عمومی بجٹ کے پیش کرنے سے پہلے درست نہ ہو گا۔ امام ضرورت کے وقت مقننہ کا ہنگامی اجلاس بھی طلب کر سکتا ہے۔ اسی طرح کسی موقع پر مقننہ کی اکثریت کے مطالبے پر بھی ہنگامی اجلاس طلب کیا جاسکتا ہے۔ ہنگامی اجلاس کے انعقاد کا اعلان امام کرے گا۔ [۲۰]

مقننہ کے علانیہ اور خفیہ اجلاسات اور قراردادوں کے پاس کرنے کا طریقۂ کار ان اصولوں کی روشنی میں وضع کیا جائے گا۔ مصطفی کمال وصفی لکھتے ہیں:

مقننہ اپنے پہلے سالانہ عمومی اجلاس میں اپنی معینہ مدت تک کے لیے ایک صدر (چیئرمین) اور دو نمائندگان (اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر) مقرر کرے گی۔ اگر ان میں سے کسی ایک کی نشست خالی ہو جائے گی تو اس کی جگہ مجلس بقیہ مدت کے لیے کسی اور رکن کا انتخاب کرے گی۔ مقننہ اس بارے میں اپنے طریقۂ عمل، اپنے کاموں کی کیفیت و سرگرمی کو منظم کرنے کے لیے لائحۂ عمل وضع کرے گی۔ صرف مقننہ داخلی نظام کی محافظ ہو گی اور مقننہ کا چیئرمین اس کا ذمے دار ہو گا۔ مقننہ کے اجلاسات علانیہ ہوں گے، لیکن امام یا حکومت یا صدر مقننہ یا اس کے کم از کم ۵/۱ اراکین کی طرف سے اگر خفیہ اجلاس کے انعقاد کا مطالبہ ہو گا تو اس صورت میں ایسا اجلاس منعقد کرنا جائز ہو گا۔ پھر مقننہ کو یہ اختیار ہو گا کہ وہ یہ طے کرے کہ پیش کیے گئے موضوع پر بحث و تمحیص علانیہ نشست میں ہونی چاہیے یا خفیہ اجلاس میں۔ مقننہ کے اجلاس کا انعقاد اس کے اکثر اراکین کی حاضری کی صورت میں ہو گا۔ مقننہ حاضر اراکین کی مطلق اکثریت سے قرار دادیں پاس کرے گی۔ یہ ان حالات میں ہو گا جن میں کسی خاص اکثریت کی تائید کا حصول (مثلاً دو تہائی وغیرہ) شرط نہ ہو۔ قوانین سے متعلقہ پروگرامات میں ایک ایک آرٹیکل کے بارے میں رائے لی جائے گی۔ اگر کسی مسئلے میں آرا برابر ہو جائیں تو جس

۱۹۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۲۰۵۔

۲۰۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۲۰۵– ۲۰۶۔

مسئلے میں بحث و تمحیص ہوئی ہے، وہ نامنظور کر دیا جائے گا۔ امام اور مقننہ کے ہر رکن کے پاس قوانین کے بارے میں تجویز پیش کرنے کا حق ہو گا۔ [۲۱]

آئین میں مقننہ سے قوانین کے پاس ہونے طریق کاریوں بیان کیا گیا ہے:

ہر قانونی پراجیکٹ تحقیق اور اس کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کرنے کے لیے مقننہ کی کسی ایک کمیٹی کی طرف بھیجا جائے گا جب کہ وہ قانونی پروگرامز، جن کی تجویز کسی رکن مقننہ کی طرف سے سامنے آئے گی، اس کمیٹی کی طرف اسی صورت میں بھیجے جائیں گے جب کہ کسی خاص ذیلی کمیٹی نے اس کے بارے میں تحقیق کر کے یہ رائے ظاہر کی ہو کہ مقننہ کا اس بارے میں غور کرنا جائز ہے اور اس کے بعد مقننہ اس کو (مخصوص تحقیقی کمیٹی کی طرف بھیجنے کے لیے) پاس کرے گی۔ ہر وہ قانونی پروگرام جس کو کسی رکن مقننہ نے پیش کیا ہو اور مقننہ نے اس کو رد کر دیا ہو تو اسی اجلاس کے دوران میں اس کو دوبارہ پیش کرنا درست نہ ہو گا۔ امام کو قوانین صادر کرنے اور ان پر اعتراض کرنے کا حق ہو گا اگر امام کسی ایسے قانون پر اعتراض وارد کر دے جسے مقننہ نے پاس کیا ہو تو امام اس قانون (کی تصحیح) کو مقننہ کی طرف سے اس کے پاس ہونے کی تاریخ کے ایک ماہ کے اندر اندر لوٹائے گا۔ پس اگر اس مدت میں امام نے وہ قانون (تصحیح کے بعد) واپس نہ کیا تو وہ قانون نافذ العمل سمجھا جائے گا۔ اسی طرح اس مدت کے درمیان امام نے وہ قانون مقننہ کی طرف لوٹا دیا اور مقننہ نے دوبارہ اس قانون (اپنی شکل میں) کو پاس کر دیا تو اس قانون کو نافذ العمل سمجھا جائے گا۔

مملکت کے مالی معاملات اور بجٹ وغیرہ کے بارے میں مقننہ کے اختیارات کو ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے:

مقننہ اقتصادی اور معاشرتی ترقی کے لیے ایک لائحۂ عمل طے کرے گی اور قانون لائحۂ عمل اور اس کے مقننہ کے سامنے پیش کرنے کے بارے میں طریق کار متعین کرے گا۔ عوامی بجٹ کے پروگرام کو ایک ایک باب کی صورت میں مقننہ کے سامنے پیش کیا جائے گا اور یہ بجٹ قانون کے مطابق جاری ہو گا۔ مقننہ کو یہ اجازت نہ ہو گی کہ وہ حکومت کی موافقت کے بغیر بجٹ میں کوئی کمی بیشی کرے۔ مالی سال کے گزرنے سے پہلے جب تک نئے بجٹ کا اعتماد بحال نہ ہو گا اس وقت تک پرانے بجٹ پر عمل ہو گا۔ قانون بجٹ کی تیاری کا طریق کار مقرر کرے گا جیسا کہ وہ مالی سال کا بھی تعین کرے گا۔ عمومی بجٹ کی ایک مد سے دوسری مد میں رقم کی منتقلی یا بجٹ میں غیر مذکور مد میں یا اس کی بعض مدوں میں متعین مقدار سے زائد رقم کے استعمال کے لیے مقننہ کی اجازت کا حصول لازم ہو گا اور یہ قانون کے مطابق ہو گا۔ اسی طرح مملکت کے عمومی بجٹ کا اختتامی حساب مالی سال کے ختم ہونے کے بعد سے ایک سال کے اندر اندر مقننہ کے سامنے پیش کرنا ہو گا۔ اس کے ایک ایک باب کے بارے میں رائے لی جائے گی اور یہ قانون کے مطابق جاری ہو گا۔ اسی طرح محاسبین (آڈیٹرز اور اکاؤنٹنٹس) اور ان کے تاثرات کی ایک سالانہ رپورٹ بھی مقننہ کے سامنے پیش کی جائے گی۔ مقننہ کو یہ اختیار بھی حاصل ہو گا کہ وہ آڈیٹنگ و اکاؤنٹنگ ڈیپارٹمنٹ سے کوئی سے بھی حسابات یا رپورٹس طلب کرے۔

۲۱۔ وصفی کمال، مرجع سابق، ۲۰۶۔

ٹیکس وجرمانوں کے اجرا اور ان کی وصول یابی، مملکت کی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد میں تصرف اور وظائف، پینشن، الاؤنس وغیرہ کے بارے میں درج ذیل اصولی رہ نمائی آئین میں موجود ہے۔

عمومی جرمانوں و ٹیکس وغیرہ کا اجرا ان میں ترمیم اور ان میں معافی قانون کے مطابق ہو گی۔ کسی کو بھی کسی صورت جرمانے کی ادائی سے مستثنیٰ نہیں رکھا جائے گا سوائے ان احوال کے کہ جن کی قانون میں وضاحت کر دی گئی ہو۔ کسی کو بھی اس کے علاوہ جرمانوں یا ٹیکس یا فیس وغیرہ کی ادائی کا مکلف نہیں کیا جائے گا مگر قانون کی حدود میں۔ قانون عمومی اموال کی وصول یابی اور ان کو خرچ کرنے کے طریق کار کے بارے میں بنیادی قواعد وضع کرے گا، حکومت کے لیے مقننہ کی اجازت کے بغیر کسی ایسے پروگرام کو شروع کرنا یا اس کے لیے قرض لینا جائز نہ ہو گا جس میں مستقبل میں بیت المال کی ایک بڑی رقم خرچ ہو رہی ہو۔ قانون بیت المال سے جاری ہونے والے وظائف پینشنز، الاؤنسز، گرانٹس اور تنخواہوں کے بارے میں قواعد وضوابط مقرر کرے گا۔ قانون اس بارے میں استثنائی حالات اور ان پہلوؤں کو بھی متعین کرے گا جو تطبیق کے متقاضی ہیں۔ قدرتی ذرائع ووسائل یا عمومی حاجات کی اشیا کو کسی ایسے ٹھیکے پر دینا جس میں ان کا ناجائز استعمال ہوتا ہو درست نہ ہو گا اور یہ کام قانون کے مطابق ہو گا۔ قانون مملکت کی منقولہ غیر منقولہ جائیداد میں مفت تصرف اور منقولہ جائیداد سے دست برداری کے احوال، قواعد اور اس کے لیے منتظم اقدامات واضح کرے گا۔

وزیر اعظم، وفاقی کابینہ اور مختلف وزارتوں میں متعین وزرا ومشیران سے جواب طلبی اور ان پر عدم اعتماد کے اظہار کے بارے میں درج ذیل اصولوں میں رہ نمائی دی گئی ہے۔

مقننہ کے اراکین میں سے ہر رکن کی یہ ذمے داری ہے کہ وہ اپنے اختیارات سے متعلقہ کسی موضوع کے بارے میں وزیر اعظم، ان کے نائب کسی وزیر یا اسے نائبین، وزرا یا ان کے نائبین کی توجہ کچھ استفسارات کی طرف مبذول کرے۔ وزیر اعظم یا ان کے نائبین کی یہ ذمے داری ہے کہ وہ اراکین کے سوالوں کے جواب دیں۔ کسی رکن کا کسی بھی وقت سوال واپس لینا جائز ہو گا اور اسی اجلاس ہی میں اس سوال کے جواب کا تقاضا کرنا درست نہ ہو گا۔ مقننہ کے ہر رکن کو وزیر اعظم، ان کے نائبین، وزرا یا ان کے نائبین سے، ان کے محاسبے کے لیے، ان کے اختیارات کے دائرۂ کار میں شامل امور کے بارے میں جواب طلبی کا حق حاصل ہو گا۔ جواب طلبی کا تقاضا آنے کے بعد اس کے بارے میں بحث وتمحیص کم از کم سات دن جاری ہو گی، الا یہ کہ مقننہ کی رائے اور حکومت کی موافقت سے حالات کی روشنی میں اس بارے میں کچھ مزید جلدی کر لی جائے۔ وزرائے مملکت کی عمومی سیاست کے بارے میں مقننہ کے سامنے جواب دہ ہوں گے اور ہر وزیر اپنی وزارت کے بارے میں مسؤول ہو گا۔ مقننہ کے لیے یہ درست ہو گا کہ وہ وزیر اعظم یا کسی ایک وزیر یا ان کے نائبین پر عدم اعتماد کا اظہار کرے۔ عدم اعتماد کی تحریک پر کارروائی صرف اسی صورت میں جائز ہو گی جب کہ اس کا تقاضا و تجویز دس اراکین مقننہ کی طرف سے آئے۔ پارلیمنٹ کے لیے درست نہ ہو گا کہ وہ عدم اعتماد کے مطالبے کے بارے اس کے

تقاضے سے کم از کم تین دن پہلے اس بارے میں کوئی قرار داد جاری کرے۔۔عدم اعتماد کا فیصلہ اراکین کی اکثریت سے طے ہو گا۔ (۲۲)

مقننہ اور حکومت کے مابین اختلافات اور اس کو حل کرنے کے لیے حکم / فیصلہ ساز کے طور پر قومی فتویٰ کمیٹی کے بارے میں درج ذیل دفعات میں رہ نمائی دی گئی ہے۔

مقننہ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ دس اراکین کے مطالبے پر وزیر اعظم سے جواب دہی کی قرار داد کی بنیاد رکھے اور مقننہ کی اکثریت کی رائے سے قرار داد جاری کرے۔مقننہ کے لیے حکومت سے جواب طلبی کے تقاضے اور جواب دہی کی درخواست کے کم از کم تین دن بعد کے بغیر یہ قرارداد پاس کرنا درست نہیں ہے۔وزیر اعظم سے مسؤولیت کی رپورٹ کی تیاری کے دوران میں مقننہ امام کے سامنے ایسی رپورٹ بھی پیش کرے گی جس میں متعلقہ موضوع کے عناصر اور اس مسئلے میں اپنی انتہائی رائے اور اس کے اسباب کو واضح کرے گی۔امام یہ رپورٹ دس دنوں کے اندراندر مقننہ کو واپس کرے گا۔اگر مقننہ ایک نئی قرارداد کے ذریعے اپنی سابقہ رائے پر برقرار رہے تو امام کے لیے یہ درست ہو گا کہ وہ مقننہ اور حکومت کے باہمی نزاع کو قومی فتویٰ کمیٹی کے سپرد کر دے۔یہ لازم ہے کہ مقننہ کی آخری قرارداد کے پاس کرنے کی تاریخ کے ایک ماہ کے اندر اندر اس بارے میں فتویٰ کمیٹی کی طرف رجوع کیا جائے۔ان حالات میں مقننہ کے اجلاسات موقوف کر دیے جائیں گے۔اگر فتویٰ کمیٹی کے نتائج حکومت کی تائید میں ہوئے تو مقننہ تحلیل ہو جائے گی اور دوسری صورت میں حکومت مستعفی ہو جائے گی۔اگر مقننہ وزیر اعظم کے نائبین یا وزرا یا ان کے نائبین میں سے کسی ایک پر عدمِ اعتماد کا اظہار کرے تو اس کے لیے اپنے منصب سے مستعفی ہونا لازم ہو جائے گا۔وزیرِ اعظم اپنا استعفیٰ امام کے سامنے پیش کرے گا جب کہ مقننہ کے سامنے اس کی مسؤولیت طے پا جائے گی۔ (۲۳)

امام (صدر) اور مقننہ کے باہمی ربط و تعلق اور اختیارات کے توازن پر درج ذیل الفاظ میں روشنی ڈالی گئی ہے:

امام مقننہ کے عمومی اجلاس کے انعقاد کے افتتاح کے وقت مملکت کی عمومی سیاست پر ایک بیان جاری کرے گا۔امام کو یہ بھی اختیار حاصل ہو گا کہ وہ مقننہ میں کوئی سی بھی تقاریر کرے اور مقننہ کو بھی امام سے بحث ومباحثہ کی اجازت ہو گی۔وزیر اعظم وزارت کے قیام کے بعد اور مقننہ کے عمومی اجلاس کے انعقاد کے افتتاح کے وقت وزارت کا پروگرام پیش کریں گے۔ مقننہ اس موضوع پر وزارت سے مناقشہ کرے گی۔وزیر اعظم،اس کے نائبین،وزرا اور ان کے نائبین کے لیے یہ جائز ہو گا کہ وہ مقننہ کے رکن ہوں جیسا کہ ان میں جو مقننہ کے رکن نہ بھی ہوں،ان کے لیے بھی یہ جائز ہو گا کہ وہ مقننہ کے اجلاسات اور کمیٹیوں میں شریک ہوں۔وزیر اعظم مقننہ اور اس کی ذیلی کمیٹیوں میں سماعت کے لیے شریک ہو گا،جب بھی وہ بلائیں۔اراکین مقننہ کے لیے یہ بھی جائز ہو گا کہ وہ اعلیٰ سرکاری ملازمین سے اس بارے میں مدد

۲۲۔ وصفی کمال،مرجع سابق،۸۰۷۔

۲۳۔ وصفی کمال،مرجع سابق،۸۰۷۔

لیں۔ مقننہ کا رکن ہونے کی صورت میں رائے کے حصول کے وقت وزیر کا ووٹ، ایک ہی ووٹ شمار ہو گا۔ ضرورت کے وقت امام کے لیے مقننہ کو تحلیل کرنا جائز ہو گا۔ یہ لازم ہو گا کہ مقننہ کی تحلیل کا فیصلہ ووٹرز کے مطالبے پر مشتمل ہو، تا کہ مقننہ کی تحلیل کے ساٹھ دنوں کے اندر اندر نئی مقننہ کے قیام کے لیے انتخابات کروائے جا سکیں۔ نئی مقننہ انتخابات کے مکمل ہونے کے دس دن کے اندر اپنا اجلاس منعقد کرے گی۔

آٹھواں باب: حکومت اور مقننہ سازی کے لیے

یہ باب سات دفعات پر مشتمل ہے جن میں وزیر اعظم، وفاقی کابینہ اور وزرا کے مشیر ان کی ذمے داریوں اور حقوق و فرائض کو بیان کیا گیا ہے۔

مصطفیٰ کمال وصفی لکھتے ہیں:

حکومت سے مراد مملکت کی اعلیٰ تنفیذی اور تنظیمی ہیئت ہے۔ حکومت وزیر اعظم، ان کے نائبین، مجلس وزرا، یعنی کابینہ اور ان کے نائبین سے مل کر بنے گی۔ وزیر اعظم حکومتی اعمال کا نگران ہو گا۔ وہ شخص جس کو وزیر یا اس کا نائب بنایا جائے، اس کے لیے لازم ہے وہ کم از کم اتنی۔۔۔ عمر کا ہو اور اپنے تمام شہری وسیاسی حقوق سے فائدہ اٹھانے والا ہو۔ اراکین وزارت اپنی ذمے داریوں سے متعلقہ اہم امور کی باگ دوڑ سنبھالنے سے پہلے امام وقت کے سامنے درج ذیل حلف کا اقرار کریں گے: میں اللہ کی قسم اٹھاتا ہوں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کروں گا اور مخلصانہ طور پر دستوری نظام کے مطابق اپنے وطن اور اس کی مٹی کی سلامتی کی حفاظت کروں گا۔ امت کے مصالح کی نگہداشت کروں گا۔ قانون و دستور کا احترام کروں گا۔ احکام شرعیہ کو بلند کروں گا اور یہ سب کچھ سچائی، شرافت اور ایمان سے کروں گا۔ ہر ایک وزیر اپنی وزارت کا اعلیٰ انتظامی صدر ہو گا اور مملکت کی عمومی سیاست کی حدود میں وزارت کی سیاست کے طریق کار کا ذمے دار ہو گا اور اس طریقۂ کار کو نافذ بھی کرے گا۔ کسی بھی وزیر کے لیے اپنے منصب پر فائز رہنے کے دوران میں یہ جائز نہیں ہے کہ وہ کسی آزاد پیشے یا کسی تجارتی، مالی، صنعتی کام سے منسلک رہے۔ اس طرح اس کے لیے مملکت کی کوئی شے خریدنی و فروخت کرنی یا اجرت پر حاصل کرنی اور دینی یا کسی سے صلح کرنا بھی جائز نہیں ہے۔ وزرا میں سے جس پر کوئی تہمت لگائی جائے گی تو اس کو اس وقت تک کام سے روک دیا جائے گا جب تک اس کا فیصلہ نہیں ہو جاتا۔ دعویٰ دائر کرنے اور اس کو جاری رکھے بغیر وزیر کی مدت عہدہ میں کوئی تبدیلی نہ ہو گی۔ وزیر پر مقدمہ، مقدمہ کے مطابق کارروائی، ضمانت اور سزا وغیرہ قانون کے مطابق ہو گی اور یہ احکام نائب وزرا کے نام جاری ہوں گے۔ جمیع حالات میں وزرا کے مقدمے کی سماعت انھی عدالتوں میں ہو گی جن میں عامۃ الناس کے مقدمات پیش ہوتے ہیں۔ [۲۴]

آخری باب عملی کارروائی کے اعتبار سے عمومی نوعیت کے ساتھ ایسی دفعات پر مشتمل ہے جو حالات وواقعات پر مشتمل ہے جو حالات وواقعات کے اعتبار سے مختلف ہو سکتی ہیں۔

۲۴- وصفی کمال، مرجع سابق، ۱۰۷- ۱۱۷۔

قانون سازی کے طریقۂ کار کا جائزہ

اسلام میں قانون سازی کی گنجائش اور اس کے طریقۂ کار پر بات عموماً مبحث خلط کا شکار ہو جاتی ہے؛ اس لیے اس کے مختلف پہلوؤں پر اس کے تقاضوں کے مطابق غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے۔

مجمع البحوث الاسلامیہ قاہرہ کی مجوزہ دفعات میں اس کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے:

۱۔ اسلامی قوانین و احکام کا وہ حصہ جو قرآن و سنت، خلافت راشدہ اور اجماع امت کی شکل میں طے ہو چکا ہے اس میں کسی قسم کی قانون سازی، ترمیم و اضافہ کی ہر گز گنجائش نہیں ہے۔

خلافت راشدہ کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے کہ رسول کریم ﷺ نے خلفاے راشدین کو اپنی سنت کے ساتھ بیان کیا اور اسے واجب الاتباع قرار دیا: "عليكم بسنتي و سنة الخلفاء الراشدين المهديين."[۲۵] (میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفا کی سنت کو لازم پکڑو۔) اسی طرح اجماع وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ سے استدلال کیا ہے، نیز اس بات کو طے کیا ہے کہ کتاب اللہ، سنت نبوی، خلفاے راشدین کے فیصلے اجماع امت، قانون سازی کے مرحلے میں طے شدہ امور ہیں، وہ امور جن کے بارے میں شرعی فیصلے کے یہ چاروں ذرائع خاموش ہیں، 'اجتہاد' یا قانون سازی کی اجازت ہے۔

فقہی مسائل میں قانون سازی کے لیے اجتماعی اجتہاد کو پیش نظر رکھا گیا ہے مباح، تنظیمی تدبیری اور اجماعی مسائل میں قانون سازی جائز ہے، لیکن اختلاف ان مجتہد فیہ مسائل میں قانون سازی کے جواز و عدم جواز کا ہے، جن کے بارے میں فقہا کی آرا میں اختلاف ہے۔ بہر حال عصر حاضر میں قرآن و سنت، اجماع اور امت مسلمہ کے وسیع فقہی ذخیرے کو سامنے رکھتے ہوئے کسی اسلامی ریاست کا قانون مرتب کیا جا سکتا ہے۔

۲۵۔ مالک بن انس، المؤطأ، کتاب السنة، موسوعة الحديث الشريف (رياض: الكتب الستة، دار السلام، ۲۰۰۰ء)۔

*** لفظ تقنین کا مادہ ق، ن، ن ہے اور یہ باب تفعیل سے مصدر ہے اس کا لغوی معنی قانون سازی ہے۔ **القاموس الوحید**، ۲: ۱۳۶۷؛ یوسف القرضاوی لکھتے ہیں: احکام شرعیہ کو جدید دیوانی فوجداری اور انتظامی قوانین کے انداز پر مرتب و ترمیم شدہ قانونی مواد کی صورت میں ڈھالنا قانونی سازی تعارف کی روشنی میں اس کے مراحل درج ذیل ہیں۔ جمع و ترتیب، ترتیب و ترقیم، اختصار ر وضاحت، حکمیہ انداز میں ڈھالنا ہے۔ (یوسف القرضاوی، **مدخل لدراسة الشريعة الإسلامية** (بيروت: مؤسسة الرسالة، ۱۹۹۳ء)، ۲۹۷۔

مجمع البحوث الاسلامیہ کی قرار داد میں یہ وضاحت کی گئی ہے کہ معاملات میں قانون سازی کے چار شعبے ہیں:

۱۔ تعبیر، یعنی جن معاملات میں شارع نے امر یا نہی کی تصریح کی ہے ان کے بارے میں نص کے معنی یا ان کا منشا متعین کرنا۔

۲۔ قیاس: یعنی جن معاملات میں شارع کا کوئی براہ راست حکم نہیں ہے، مگر جن سے ملتے جلتے معاملات میں حکم موجود ہے، ان میں علت حکم مشخص کر کے اس حکم کو اس بنیاد پر جاری کرنا کہ یہاں بھی علت پائی جاتی ہے۔ جس کی بنا پر یہ حکم اس سے مماثل واقعے میں دیا گیا تھا۔

۳۔ استنباط و اجتہاد: یعنی شریعت کے بیان کردہ وسیع اصولوں کی جزوی مسائل و معاملات پر منطبق کرنا اور نصوص کے اشارات، دلالتوں اور اقتضاءات کو سمجھ کر یہ معلوم کرنا کہ شارع ہماری زندگی کے معاملات کو کس شکل میں ڈھالتا ہے۔

۴۔ جن معاملات میں شارع نے کوئی ہدایت نہیں دی ہے ان میں اسلام کے وسیع مقاصد اور مصالح کو ملحوظ رکھ کر ایسے قوانین بنانا جو ضرورت کو پورا کر سکیں اور ساتھ ساتھ اسلام کے مجموعی نظام کی روح اور اس کے مزاج کے خلاف بھی نہ ہوں۔ اسی چیز کو فقہا نے مصالح مرسلہ اور استحسان سے موسوم کیا ہے۔

یہ قرار داد بھی پیش کی گئی ہے کہ سیاسی، انتظامی اور اجتماعی نوعیت کے امور میں بھی اجتماعی اجتہاد اور شورائیت کے ذریعے قانون سازی کی جاسکتی ہے۔

آئین سازی کے مراحل

مجمع البحوث الاسلامیہ کی قرار داد میں آئین سازی کے مراحل کو اس طرح بیان کیا گیا ہے، جس کی وضاحت صبحی المحمصانی نے پانچ مراحل میں تقسیم کی ہے۔

کسی بھی فقہی حکم کو قانون بنانے کے لیے کئی مراحل سے گزرنا پڑتا ہے؛ اس طرح نہیں ہوتا کہ فقہ کی کسی کتاب سے فتاوی لیں اور ان کی ترقیم کر لیں اور قانون تیار ہے، بلکہ کسی بھی فقہی نص کو تہذیب و تنقیح کے کئی درجات و مراحل سے گزرانے کے بعد قانونی شکل دی جاتی ہے۔

پہلا مرحلہ

پہلے مرحلے میں ان فقہی مصادر کا انتخاب شامل ہے کہ جن کی بنیاد پر کسی ملک میں قانون سازی ہوتی

ہے۔موجودہ زمانہ میں مذاہبِ اربعہ اور دوسرے معروف فقہی مذاہب کے فتاوی کا انتخاب اس مرحلے میں شامل ہو گا۔

شیخ صبحی المحمصانی مجمع میں پیش کردہ پر تبصرہ فرماتے ہیں:

(تدوین کے پانچ مراحل ہیں۔پہلا مرحلہ کسی فقہی مذہب کو اپنالینا ہے اور یہ بہت مشکل مرحلہ ہے ابن مقفع اور ابوجعفر تو اس میں کام یاب نہ ہو سکے لیکن سلطنت عثمانیہ اور اسکے علاوہ اسی طرز پر بعض دوسرے ممالک نے کام یابی حاصل کرلی ہے۔)

دوسرا مرحلہ

دوسرے مرحلے میں مختلف فقہی کتابوں اور فتاوی جات کے اختصار پر مشتمل ایک جامع کتاب آسان فہم انداز میں تالیف کی جاتی ہے، جو رسمی قانونی کتاب کی شکل میں نہ ہو بلکہ رسمی کتاب کے کچھ مشابہ ہو جس کے مطالعے میں آسانی ہو اور قاضی، علما، طلبہ کے لیے اس کا سمجھنا آسان ہو۔اس کی مثالوں میں **ملتقی الأبحر**، **فتاوی هندية** وغیرہ ہیں۔

تیسرا مرحلہ

تیسرے مرحلے میں ان مختصر فقہی عبارتوں کو قانونی اور حکمی شکل دی جاتی ہے، تاکہ ان کو قانون کے جدید انداز میں پیش کیا جا سکے۔

چوتھا مرحلہ

چوتھے مرحلے میں اس صورت میں جب کہ ایک معین فقہی مذہب کو قانون سازی کے لیے اصل بنیاد بنادیا گیا دوسرے مذہب اسلامیہ سے بھی استفادہ کرنا شامل ہے۔

پانچواں مرحلہ

سب سے آخری اور پانچواں مرحلہ مغربی قوانین یا دوسرے ممالک سے کچھ اخذ کرنا ہے بشرطیکہ استفادہ اسلامی قانون کی روح کے خلاف نہ ہو۔

سفارشات

۱۔ پاکستان میں اسلامی نظریاتی کونسل کے نام سے جو ادارہ موجود ہے اسے "عضو معطل" بنانے کی بجائے اسے مقننہ / پارلیمنٹ کے ساتھ منسلک کیا جائے اور اس کی آراء کو قانونی درجہ دیا جائے۔

۲۔ اسلامی نظریاتی کونسل میں سیاسی اور فرقہ وارانہ بنیادوں پر تقرریوں کی روک تھام کی جائے صرف اہل افراد کے تقرر کو ہی ضروری بنایا جائے اس کے ساتھ مختلف طبقوں کے لوگوں کو بھی نمائندگی دی جائے تاکہ اس کی سفارشات زیادہ مؤثر اور مربوط ہو سکیں۔

۳۔ حکومت ''فقہی تھینک ٹینک'' تشکیل دے جس کے تمام افراد درجہ اجتہاد پر فائز ہوں۔

۴۔ اسلامی قانون سازی کے شعبہ میں ترکی اور مصر ہم سے آگے ہیں کیونکہ قانون شریعت کے نفاذ کا اولین تجربہ انہی ممالک میں کیا گیا ہے اس لیے ہمارے ملک میں قانون سازی کے شعبہ میں جو کاوشیں ہو رہی ہیں ان میں ان ممالک کے تجربات کو پیش نظر رکھا جائے۔

۵۔ مجمع البحوث الاسلامیہ اور مجلہ الاحکام العدلیہ کے نام سے معرض وجود میں آنے والے (مجموعہ قوانین اسلام) کو من وعن اپنانے کی بجائے حسب ضرورت ومصلحت ترمیمات یا اضافات کے ساتھ اپنے ملکی اور علاقائی حالات کے لیے ساز گار بنایا جاسکتا ہے۔

۶۔ قانون میں توسع اور عالمگیریت پیدا کرنے کے لیے بین المسلکی انداز اختیار کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ جسے ڈاکٹر محمود احمد غازی ''رحمۃ اللہ علیہ فقہ عولمی'' فقہ آفاقی قرار دیتے ہیں۔

۷۔ قانون سازی کے لیے عصری تقاضوں اور جدید تصورات سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔

۸۔ مصر اور سعودی عرب کی طرح پاکستان میں بھی اجتماعی اجتہاد کے اداروں کو فروغ دینا چاہیے۔

List of Sources in Roman Script

- Sha'aban, Muhammad Ismail. *Al-Ijtihād Al-Ijtaimī wa daor Al-Jama'ī Fiqhiyyah fī tatbiqhe.* Cairo: Maktaba Al-Qahira, 2007.
- Wasfi Mustafa Kamāl. *Musanifo Al-Nazm al-Islamiyyah al-Dostūriyyah, Dowaliyyah, Ardiyyah, wal Iqtiṣādiyah, wal Ijtimā'iyyah.* Cairo: Maktaba Wahbat, 1397AH.
- Malik b. Ans. *Al-Mauttā, Kitāb al-Sunnah, Musū'at al-Ḥadīth al-Sharīf, Al-Kitub al-Sitta*, Al-Riyadh: Dar al-Salam, 2000.